Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۶ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ شعبان سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق ۱۷ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء | جلد [illegible]

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ پیشکار بندوبست و پیشکار اسسٹنٹی	۱
۲	الاونس کلرک دار الانشاء	۱ و ۲
۳	منتقلی خدمات محمد علی خان اپیل کلرک و سید ظہور حسین کلرک	۲
۴	رخصت احمد علی خان نائب پیشکار	〃
۵	مستقلی منشی ریاض حسین	〃
۶	تبادلہ احمد حسین خان و سید ظہور حسین	〃
۷	نقشہ نرخ غلہ جات رجسٹر	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

اضافہ

۳ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منشی شوکت حسین پیشکار بندوبست اور محمد رضا خان پیشکار اسسٹنٹی کی تنخواہوں میں پانچ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ

تقرر الاونس

۱۳ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

حسب استدعائے صاحب چیف سکریٹری بہادر ... روپیہ

حکیم محمد ابراہیم کلرک دارالانشاء میں ابتداء یکم مارچ سنہ حال بصلہ انجام دہی کار موٹر خانہ موٹر گراج سے مقرر فرمایا گیا۔

حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر
واقع ۸ر اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

مثل رپورٹ صاحب علاقہ سب ڈویژن رامپور دربارہ مستقلی خدمت جیل کلرکی سید ظہور الحسن کلرک دفتر صاحب علاقہ رامپور مرسلہ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت۔ یہ کاغذات پیش ہو کر ملاحظہ ہوئے۔ واضح ہوا کہ بابت مستقلی خدمات سید ظہور الحسن کلرک دفتر صاحب علاقہ رامپور محکمہ ہٰذا بجائے جیل کلرک خدمت میں جناب سکریٹری صاحب بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت کی تصدیع دیا گیا تھا صاحب موصوف نے بجائے سید ظہور الحسن کلرک محمد علی خان جیل کلرک کو لینا منظور فرما لیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

محمد علیخان جیل کلرک کے خدمات اپنی موجودہ تنخواہ پر بجائے سید ظہور الحسن کلرک دفتر صاحب علاقہ رامپور محکمہ ہٰذا منتقل کئے جائیں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور بذریعہ نقل حکم ہٰذا خدمت میں جناب سکریٹری صاحب بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت کے تصدیع دیا جائے کہ براہ مہربانی سید ظہور الحسن کلرک کے خدمات انکی موجودہ تنخواہ پر بجائے محمد علیخان جیل کلرک منتقل فرمائے جائیں۔

ملخص حکم اجلاس فار صاحب ہوم سکریٹری بہادر
رخصت

۱۱ر اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

حسب پیشی عرضی امجد علیخان نائب پیشکار اجلاس ہٰذا۔ رخصت تین ماہ بوجہ انتظام شادی ہمشیرہ نامبردہ بعوض سید ضیاء علی ۱۵ر اپریل سنہ ۱۹۲۲ء سے منظور کی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
مستقلی

۸ر اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست دربارہ مستقلی و تین روپیہ اضافہ منشی ریاض احسن امتحانی انسپکٹر قانونگویان تنخواہ دار بیس روپیہ و چھ روپیہ پارس الاونس سے بوجہ حسن انجام خدمات و نیز ختم میعاد امتحانی موجودہ تنخواہ و الاونس پر منشی ریاض احسن مستقل کئے گئے۔

تبادلہ

۱۵ر اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر سید منظور حسین نائب رجسٹرار قانونگویان تحصیل حضور معاونت اہلمد تبدیل پر صدر میں بجائے امجد حسین خان اور امجد حسین خان معاون نیابت رجسٹرار قانونگویان سے تحصیل حضور پر بجائے سید منظور حسین خان تبدیل کئے گئے۔

۱۰ اپریل ۱۹۳۲ء [illegible]

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۰ لغایت ۱۶ اپریل ۱۹۳۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۵۔۲ ؍	۱۳ ؍ ۵ ؍		۶ ؍	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص			۷۔۰ ؍	۸ ؍		۷۔۰ ؍	
نخود کسرآمیز	۰		۸۔۰ ؍	۵۔۰ ؍		۵ ؍	
کسہ			۸۔۰ ؍	۹۔۰ ؍		۹ ؍	
ماش			۵۔۰ ؍	۶ ؍		۶ ؍	
مونگ			۵ ؍	۵ ؍		۵ ؍	
کنگا			۰	۵۔۰ ؍		۶ ؍	
جئی			۱۰ ؍	۰		۹ ؍	
گوجی			۰	۰		۷ ؍	
عدس			۹ ؍	۷۔۰ ؍		۶ ؍	
ارہر			۸ ؍	۰		۱۰ ؍	
برنج			۳۔۰ ؍	۳ ؍		۴ ؍	
روغن زرد			[illegible]	۱۰ ؍		۱۱۱ ؍	
روغن سیاہ			۱ ؍	۱ ؍		۱۰ ؍	
روغن کنجد			۴ ؍	۳ ؍		۱۱ ؍	
نمک سانبھر			۷ ؍	۱۰ ؍		۸ ؍	
نمک لاہوری			۵ ؍	۵ ؍		۷ ؍	
قند سیاہ			۰	۳ ؍		۳ ؍	
باجرہ			۰	۶ ؍		۰	